۳؍سالہ نصاب تعلیم برائے شعبۂ ناظرہ و دینیات مع اسکول

سال دوم

متوقع عمر: ۸ سال — تیسری اور چوتھی کلاس

ساعت	اجمالی نصاب	ہفتہ واری گھنٹیاں (کل ۴۸؍گھنٹیاں)
اولی، ثانیہ	۱۵؍پارے ناظرہ از ۲؍تا ۱۶،	۱۲؍گھنٹیاں
ثالثہ	۱۴؍سورتیں حفظ از سورہ ھُمزہ تا سورہ شمس	۶؍گھنٹیاں
رابعہ	انگلش، (EVS)	۶؍گھنٹیاں
خامسہ	میتھ	۶؍گھنٹیاں
سادسہ	ہندی، (SST)	۶؍گھنٹیاں
سابعہ	اردو: [اردو کی پہلی کتاب بعدہ تعلیم الاسلام حصہ اول و دوم]	۶؍گھنٹیاں
ثامنہ	۱۰؍دعائیں، ۱۵؍حدیثیں مع ترجمہ، نماز کے فرائض و ارکان اور واجبات۔	۳؍گھنٹیاں
	سیرت سے متعلق ۲۰؍سوال و جواب، اسلامی معلومات سے متعلق ۲۰؍سوال و جواب	۳؍گھنٹیاں

(۱) ایک ہفتہ میں ۴۵؍منٹ کے اعتبار سے ۴۸؍گھنٹیاں ہوں گی اور ایک دن میں ۸؍گھنٹیاں لگیں گی، مذکورہ نصاب تعلیم ہفتہ واری گھنٹیوں کی تقسیم کے اعتبار سے تیار کیا گیا ہے۔

۱۰/ اہم دعائیں

[۱] دعوت کھانے کے بعد یہ دعا پڑھیں	[۲] دودھ پینے کے بعد یہ دعا پڑھیں	[۳] علم میں اضافہ کیلئے یہ دعا پڑھیں
اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ	اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ	رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا
[۴] جب آپ مسجد میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں	[۵] جب آپ مسجد سے نکلیں تو یہ دعا پڑھیں	[۶] جب کوئی احسان کرے تو یہ کہیں
اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ	اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ	جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا

[۷] وضوء کرنے کے بعد یہ دعا پڑھیں	[۸] جب آپ کسی سواری پر سوار ہوں تو یہ دعا پڑھیں
اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ	سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ
[۹] صبح کے وقت یہ دعاء پڑھیں	[۱۰] شام کے وقت یہ دعاء پڑھیں
اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

۱۵/ اہم حدیثیں

[۱] اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ	[۲] لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ	[۳] لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ
دعا عبادت کا مغز ہے	رشتہ توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا	چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا
[۴] كُلُّ مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ	[۵] اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ	[۶] اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ
(جاندار کی) تصویر بنانے والا جہنم میں جائیگا	آپس میں سلام کا رواج دو	اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے
[۷] اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ	[۸] اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ	[۹] اَلصَّلٰوةُ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ
نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے	پاکی ایمان کا حصہ ہے	نماز مومن کا نور ہے

[۱۰] خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ	[۱۱] طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ
تم میں بہتر وہ شخص ہے جس نے قرآن سیکھا اور سکھایا	علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے

[۱۲] اِیَّاکُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ	[۱۳] خَیْرُ الْحَدِیْثِ کِتَابُ اللّٰہِ
راستوں پر بیٹھنے سے بچو	بہترین بات اللہ کی کتاب ہے
[۱۴] خَیْرُ الْھَدْیِ ھَدْیُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ	[۱۵] لَاتَسُبُّوا الْاَمْوَاتَ
بہترین طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ہے	وفات پائے ہوئے لوگوں کی برائی مت کرو

نماز کے فرائض

نماز کے باہر ۷ فرائض ہیں جنہیں شرائط کہتے ہیں۔

[۱] نماز کا وقت ہونا۔	[۲] نیت کرنا۔
[۳] بدن کا پاک ہونا۔	[۴] کپڑوں کا پاک ہونا۔
[۵] جگہ کا پاک ہونا۔	[۶] قبلے کی طرف رخ کرنا۔
[۷] ستر کا چھپانا۔	

نماز کے اندر ۶ فرائض ہیں، جنہیں ارکان کہتے ہیں۔

[۱] تکبیر تحریمہ (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہنا۔	[۲] قیام کرنا یعنی سیدھا کھڑا ہونا۔
[۳] قرأت کرنا (قرآن مجید پڑھنا)۔	[۴] رکوع کرنا۔
[۵] دونوں سجدے کرنا۔	[۶] قعدہ اخیرہ میں تشہد کی مقدار بیٹھنا۔

نماز کے واجبات

واجباتِ نماز ۱۴ ہیں:

[۱] فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں کو قرأت کے لیے مقرر کرنا۔

[۲] فرض نمازوں کی تیسری اور چوتھی رکعت کے علاوہ تمام نمازوں کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھنا۔

[۳] فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں میں اور واجب اور سنت اور نفل نمازوں کی تمام رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورۃ یا بڑی ایک آیت یا چھوٹی تین آیتیں پڑھنا۔

[۴] سورہ فاتحہ کو سورۃ سے پہلے پڑھنا۔
[۵] قرأت اور رکوع میں اور سجدوں اور رکعتوں میں ترتیب قائم رکھنا۔
[۶] قومہ کرنا یعنی رکوع سے اُٹھ کر سیدھا کھڑا ہونا۔
[۷] جلسہ یعنی دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھ جانا۔
[۸] تعدیل ارکان یعنی رکوع سجدہ وغیرہ کو اطمینان سے اچھی طرح ادا کرنا۔
[۹] قعدہ اولی یعنی تین اور چار رکعت والی نماز میں دو رکعتوں کے بعد تشہد کی مقدار بیٹھنا۔
[۱۰] دونوں قعدوں میں تشہد پڑھنا۔
[۱۱] امام کو نمازِ فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین، تراویح اور رمضان شریف کے وتروں میں آواز سے قرآت کرنا اور ظہر، عصر وغیرہ نمازوں میں آہستہ پڑھنا۔
[۱۲] لفظ سلام کے ساتھ نماز سے علاحدہ ہونا۔
[۱۳] نماز وتر میں قنوت کے لیے تکبیر کہنا اور دعائے قنوت پڑھنا۔
[۱۴] دونوں عیدوں کی نماز میں زائد تکبیریں کہنا۔

سیرت

س[۱]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے بیٹے تھے؟
ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین بیٹے تھے: [۱] عبداللہ رضی اللہ عنہ، [۲] قاسم رضی اللہ عنہ، [۳] ابراہیم رضی اللہ عنہ [السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۲۶۴]
س[۲]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی بیٹیاں تھیں؟
ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار بیٹیاں تھیں: [۱] زینب رضی اللہ عنہا، [۲] رقیہ رضی اللہ عنہا، [۳] اُم کلثوم رضی اللہ عنہا [۴] فاطمہ رضی اللہ عنہا۔ [السیرۃ النبویۃ لابن ہشام: ۱/ ۲۶۴، عن ابن عباس رضی اللہ عنہ]
س[۳]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟
ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک ۶۳ سال تھی۔ [بخاری: ۳۵۴۶، عن عائشہ رضی اللہ عنہا]
س[۴]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کس سن میں ہوئی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ۱۱ھ میں ہوئی۔

س[۵]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کب ملی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت ۴۰ سال کی عمر میں ملی۔ [بخاری: ۳۸۵۱، عن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما]

س[۶]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کس دن اور کس جگہ ملی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت بروز پیر، غارِ حرا میں ملی۔

س[۷]: عرب کے لوگ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کیا کہتے تھے؟

ج: عرب کے لوگ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صادق (سچا) اور امین (امانت دار) کہتے تھے۔ [النبوۃ والانبیاء فی القرآن والسنۃ: ۱/ ۹۴]

س[۸]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں کتنے سال رہے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں ۵۳/ سال رہے۔ [بخاری: ۳۸۵۱، عن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما]

س[۹]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں کتنے سال رہے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ میں ۱۰/ سال رہے۔ [بخاری: ۳۸۵۱، عن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما]

س[۱۰]: سب سے آخری نبی کون ہیں؟

ج: سب سے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ [ابوداؤد: ۴۲۵۲، عن ثوبان رضی اللہ عنہ]

س[۱۱]: کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی آئے گا؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ [ابوداؤد: ۴۲۵۲، عن ثوبان رضی اللہ عنہ]

س[۱۲]: کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت سے پہلے کوئی سفر کیا ہے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت سے پہلے دو سفر کیے ہیں۔

س[۱۳]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبوت سے پہلے کہاں کا سفر کیا؟

ج: دونوں سفر ملک شام کے ہوئے۔

س[۱۴]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اسفار کیوں کیے؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ اسفار تجارت کے سلسلے میں کیے۔

س[۱۵]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملک شام کا سفر کب کیا اور اس کی کیا شکل ہوئی؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک جب بارہ سال کی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابوطالب نے تجارت کی غرض سے آپ کو اپنے ساتھ لے لیا۔

س[۱۶]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملک شام کا دوسرا سفر کب کیا؟

ج: جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف پچیس سال کی ہوئی۔

س[۱۷]: اس سفر کی وجہ کیا تھی؟

ج: حضرت خدیجہؓ نے اپنے تجارتی قافلہ کا ناظم بنا کر بھیجا تھا۔

س[۱۸]: اس سفر میں خدا کی طرف سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو آرام پہنچانے کا کیا انتظام ہوا؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھی میسرہ فرماتے ہیں کہ جب دوپہر کی گرمی اور دھوپ تیز ہوتی تو دو فرشتے آتے اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ کرتے۔

س[۱۹]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس تجارت میں کیا حاصل کیا؟

ج: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سارا مال بہت بڑے نفع کے ساتھ جلد فروخت کر دیا، اور ملک شام سے مال خرید کر مکہ میں اسے فروخت کیا جس میں دوگنے کے قریب نفع ہوا۔

س[۲۰]: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان کارناموں سے کیا معلوم ہوا؟

ج: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان کارناموں سے یہ معلوم ہوا کہ تجارت یا مزدوری کرنا ثواب کی چیز ہے۔

اسلامی معلومات

س[۱]: قرآن کس کی کتاب ہے؟

ج: قرآن اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔

س[۲]: قرآن کریم میں کتنے پارے ہیں؟

ج: قرآن کریم میں ۳۰/ پارے ہیں۔

س[۲]: قرآن کریم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ اترا یا تھوڑا تھوڑا؟

ج: تھوڑا تھوڑا نازل ہوا، کبھی ایک آیت، کبھی دو چار آیتیں، کبھی ایک سورۃ۔

س[۳]: پورا قرآن کریم کتنے دنوں میں نازل ہوا؟

ج: ۲۳/سال کی مدت میں۔

س[۳]: قرآن کیا سکھاتا ہے؟

ج: قرآن دنیا اور آخرت کی تمام بھلائیاں سکھاتا ہے۔

س[۴]: فرشتہ کسے کہتے ہیں؟

ج: اللہ تعالیٰ کی نورانی مخلوق کو فرشتہ کہتے ہیں۔

س[۵]: فرشتے کتنے ہیں؟

ج: فرشتے بے شمار ہیں، ان کی تعداد اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو معلوم نہیں۔ [سورۂ مدثر:۳۱]

س[۶]: مشہور فرشتے کتنے ہیں؟

ج: مشہور فرشتے چار ہیں۔ [عمدۃ القاری:۲۲/۴۵۸]

س[۷]: مشہور فرشتوں کے نام بتاؤ؟

ج: حضرت جبرئیل علیہ السلام، حضرت میکائیل علیہ السلام، حضرت اسرافیل علیہ السلام حضرت عزرائیل علیہ السلام۔ [عمدۃ القاری:۲۲/۴۵۸]

س[۸]: اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے؟

ج: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے، کلمہ، نماز، روزہ، زکوۃ اور حج۔ [بخاری:۸ عن ابن عمر رضی اللہ عنہ]

س[۹]: اسلام میں سب سے اہم عبادت کون سی ہے؟

ج: اسلام میں سب سے اہم عبادت نماز ہے۔ [موطا امام مالک:۹، عن عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ]

س[۱۰]: کس مہینے کے روزے فرض ہیں؟

ج: رمضان کے مہینے کے روزے فرض ہیں۔ [سورۂ بقرہ:۱۸۵]

س[۱۱]: مسلمان حج کرنے کہاں جاتے ہیں؟

ج: مسلمان حج کرنے مکہ مکرمہ جاتے ہیں۔ [سورہ آل عمران:۹۶، ۹۷]

س[۱۲]: خدا تعالیٰ کی کتابیں کتنی ہیں؟

ج: خدا تعالیٰ کی چھوٹی بڑی بہت سی کتابیں نازل ہوئیں، مگر بڑی کتابوں کو کتاب

اور چھوٹی کتابوں کو صحیفے کہتے ہیں۔

س[۱۳]: چار مشہور آسمانی کتابیں کون کونسی ہیں؟

ج: [۱] توریت [۲] زبور [۳] انجیل [۴] قرآن مجید

س[۱۴]: چار مشہور آسمانی کتابیں کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں؟

ج: توریت حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی، زبور حضرت داؤدؑ پر نازل ہوئی، انجیل حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی، قرآن مجید ہمارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا۔

س[۱۵]: صحیفے کتنے ہیں

ج: صحیفوں کی تعداد معلوم نہیں۔

س[۱۶]: صحیفے کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئے؟

ج: کچھ صحیفے حضرت آدمؑ پر، کچھ حضرت شیثؑ پر اور کچھ حضرت ابراہیمؑ پر۔

س[۱۷]: نماز میں کس طرف منہ کر کے کھڑا ہونا چاہیئے؟

ج: پچھّم کی طرف (جس طرف شام کو سورج چھپ جاتا ہے)۔

س[۱۸]: جس طرف منہ کر کے نماز پڑھتے ہیں اسے کیا کہتے ہیں؟

ج: اسے قبلہ کہتے ہیں۔

تربیت

[۱] اپنے کپڑوں کو پاک رکھو اور گندگی سے دور رہو۔

[۲] تم نیک کاموں میں ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرو۔

[۳] اپنے بھائی کے ساتھ جھگڑا نہ کرو

[۴] ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ باپ کی خوشی میں اللہ کی خوشی ہے اور باپ کی ناراضگی میں اللہ کی ناراضگی ہے۔

[۵] تم میں سب سے اچھے وہ ہیں جو اخلاق کے اچھے ہیں۔

[۶] تم اپنے کسی بھائی سے ایسا وعدہ مت کرو جس کو پورا نہ کر سکو۔

[۷] غصہ مت کرو۔

جائزہ سال دوم

[۱] ''سورۃُ الضحیٰ'' اور ''سورۃُ الفجر'' حفظ سنائیے۔

[۲] جو دعائیں آپنے یاد کی ہیں، وہ سنائیے۔

[۳] جو ۱۵ حدیثیں آپنے یاد کی ہیں وہ حفظ سنائیے۔

[۴] نماز کے باہر کتنے فرائض ہیں، اور اندر کتنے فرائض ہیں؟

[۵] نماز کے واجبات کتنے ہیں اور کون کونسے؟

[۶] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے بیٹے تھے؟

[۷] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی بیٹیاں تھیں، سب کا نام بتائیں؟

[۸] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

[۹] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کس سن میں ہوئی؟

[۱۰] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملک شام کا دوسرا سفر کب کیا اور اس کی وجہ کیا تھی؟

[۱۱] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں کتنے سال رہے، اور مدینہ میں کتنے سال؟

[۱۲] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کب اور کہاں ملی؟

[۱۳] کیا ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی آئے گا؟

[۱۴] قرآن کس کی کتاب ہے؟

[۱۵] قرآن کریم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایک مرتبہ اترا یا تھوڑا تھوڑا؟

[۱۶] اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے اور کون کونسی؟

[۱۷] چار مشہور آسمانی کتابیں کن کن پیغمبروں پر نازل ہوئیں؟

[۱۸] مشہور فرشتوں کے نام بتاؤ؟